کی شرح حسامی اور شیخ عبدالعزیز ابن احمد بخاری کی غایۃ التحقیق کو گوئے سبقت حاصل ہے۔

زیر تبصرہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے استاد مولانا محمد ابراہیم فانی کی اس کتاب پر درسی افادات ہیں جو کہ آپ کے تلمیذ مولوی محمد اشفاق حقانی نے دوران درس قلمبند کئے تھے۔ پھر فانی صاحب نے اس پر نظر ثانی کی اور آپ کی نظر ثانی کے بعد یہ افادات منصۂ شہود پر آئے۔ یہ افادات صرف کتاب اللہ تک بحث پر مشتمل ہیں۔ پشتو زبان میں یہ ایک بہترین جامع اور محققانہ شرح ہے جس کا وقیع مقدمہ استاذ العلماء شیخ الحدیث مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ' مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک نے تحریر فرمایا ہے۔ جبکہ دیگر تقریظ تحریر کرنے والوں میں مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمد فرید صاحب مدظلہ' استاذ حدیث حضرت مولانا حافظ انوار الحق حقانی نائب مہتمم جامعہ حقانیہ جیسی عظیم علمی شخصیات شامل ہیں۔ اور استاذ العلماء شیخ التفسیر والحدیث حضرت علامہ ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدنی مدظلہ شیخ الحدیث دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک نے اس پر محققانہ اور انتہائی پرمغز اور پر از معلومات پیش لفظ قلمبند کیا ہے جس سے ان افادات کی اہمیت میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ اپنی مقبولیت کی وجہ سے بہت ہی قلیل مدت میں اس کے دو ایڈیشن نکل چکے ہیں اور اس کو طلبہ اور مدرسین حضرات نے یکساں طور پر پسند کیا ہے۔ اور اب مختلف اطراف سے اس کو اردو میں منتقل کرنے کا مطالبہ بھی زور پکڑ رہا ہے۔ چنانچہ اسی ضرورت اور اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کی اردو میں ڈھالنے پر تحقیق اور کام جاری ہے' ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ صاحب افادات اور مرتب کو اس کی تکمیل کی توفیق سے نوازے۔ امین

کتاب: شاہین دتخیل پشتو شاعری۔　　مصنف: مولانا محمد ابراہیم فانی

ضخامت: ۱۶۰ صفحات　　قیمت: -/۱۵۰ روپے ۔ رعایتی -/۹۰ روپے

ناشر: مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک نوشہرہ

زیر تبصرہ کتاب دارالعلوم حقانیہ کے استاد مولانا محمد ابراہیم فانی کی پشتو غزلیات پر مشتمل شعری مجموعہ ہے۔ اس سے پہلے آپ کے پشتو شاعری کے چار مجموعے جبکہ اردو شاعری کا ایک مجموعہ نالہ زار اور عربی' فارسی اور اردو کے مراثی پر مشتمل کتاب داغہائے فراق شائع ہو چکے ہیں جو کہ شعر وادب کے ذوق اور شاعری سے دلچسپی رکھنے والوں کیلئے گرانقدر سوغات ہیں۔ زیر تبصرہ شاہین دتخیل پشتو غزلیات پر مشتمل آپ کا نیا شعری مجموعہ ہے اور امید ہے کہ دیگر شعری مجموعوں کی طرح اس مجموعہ کی بھی قارئین قدر افزائی کریں گے۔ دیدہ زیب طباعت اعلیٰ کاغذ خوبصورت ٹائٹل اور مضبوط جلد سے مزین اس کتاب کی عام قیمت -/۱۵۰ روپے ہے جبکہ رعایتی قیمت -/۹۰ روپے ہے۔ مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ کے علاوہ اکوڑہ خٹک کے تمام مکتبوں سے یہ کتاب حاصل کی جاسکتی ہے۔